26واں اجلاس

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## منگل 27 مئی 2025 کو 2:00 بجے دوپہر منعقد ہونے والے اسمبلی کے اجلاس کی فہرست کارروائی

تلاوت، نعت اور قومی ترانہ

سوالات

**پنجاب ایمرجنسی سروسز**

سے متعلق سوالات دریافت کئے جائیں گے اور ان کے جوابات دیئے جائیں گے

زیرو آور نوٹسز

علیحدہ فہرست میں مندرج زیرو آور نوٹسز لئے جائیں گے اور ان کے جوابات دیئے جائیں گے

## ADJOURNMENT MOTIONS

| S/N | A.M/NO. | MOVER | CONCERNED MINISTER |
|---|---|---|---|
| 1. | 123/25 **Pending for reply** | Ms Rahila Khadim Hussain MPA (W-304) | Price Control and Commodities Management |
| 2. | 129/25 **Pending for reply** | Mr Mohammad Arshad Malik, MPA (PP-200) | Local Government and Community Development |
| 3. | 134/25 **Pending for reply** | Mr. Nadeem Sadiq Dogar, MPA (PP-113) | Local Government and Community Development |
| 4. | 137/25 **Pending for reply** | Qazi Ahmed Saeed MPA (PP-256) | Local Government and Community Development |
| 5. | 198/25 **Pending for reply** | Mr Ahmad Khan, Leader of Opposition | Housing, Urban Development and Public Health Engineering |
| 6. | 219/25 **Pending for reply** | Mr Ahmer Bhatti, MPA (PP-165) | Local Government and Community Development |
| 7. | 220/25 | Mr Ahmad Khan, Leader of Opposition | Specialized Healthcare and Medical Education |
| 8. | 232/25 | Chaudhry Muhammad Ejaz Shafi MPA (PP-258) | Specialized Healthcare & Medical Education |

## غیر سرکاری ارکان کی کارروائی

1۔ (مسودات قانون کا پیش کیا جانا)

**1. THE UNIVERSITY OF TECHNOLOGY, CULTURE AND HEALTH SCIENCES, GUJRANWALA BILL 2025**

**MR USAMA FAZAL:** I move that leave be granted to introduce the University of Technology, Culture and Health Sciences, Gujranwala Bill 2025.

**MR USAMA FAZAL:** I introduce the University of Technology, Culture and Health Sciences, Gujranwala Bill 2025.

## 2. THE SITARA INTERNATIONAL UNIVERSITY BILL 2025

**MR USAMA FAZAL:** I move that leave be granted to introduce the Sitara International University Bill 2025.

**MR USAMA FAZAL:** I introduce the Sitara International University Bill 2025.

## 2۔ (مسودات قانون پر غور وخوض اور منظوری)

## 1. THE LAHORE LEADS UNIVERSITY (AMENDMENT) BILL 2024 (BILL NO. 16 OF 2024)

**MR NOOR UL AMIN WATTOO:** I move that the Lahore Leads University (Amendment) Bill 2024 as recommended by Select Committee, be taken into consideration at once.

**MR NOOR UL AMIN WATTOO:** I move that the Lahore Leads University (Amendment) Bill 2024, be passed.

## 2. THE NATIONAL COLLEGE OF BUSINESS ADMINISTRATION & ECONOMICS, LAHORE (AMENDMENT) BILL 2025 (BILL NO. 36 OF 2025)

**MR ZULFIQAR ALI SHAH** I move that the National College of Business Administration & Economics, Lahore (Amendment) Bill 2025 as recommended by Standing Committee on Higher Education, be taken into consideration at once.

**MR ZULFIQAR ALI SHAH** I move that the National College of Business Administration & Economics, Lahore (Amendment) Bill 2025, be passed.

## 3. THE IMPERIAL TUTORIAL COLLEGE BILL 2025 (BILL NO. 53 OF 2025)

**MS SARAH AHMAD** I move that the Imperial Tutorial College Bill 2025 as recommended by Standing Committee on Higher Education, be taken into consideration at once.

**MS SARAH AHMAD** I move that the Imperial Tutorial College Bill 2025, be passed.

## 4. THE MUKABBIR UNIVERSITY OF SCIENCE & TECHNOLOGY, GUJRAT BILL 2025 (BILL NO. 56 OF 2025)

**SARDAR MUHAMMAD AWAIS DRESHAK** I move that the Mukabbir University of Science & Technology, Gujrat Bill 2025 as recommended by Standing Committee on Higher Education, be taken into consideration at once.

**SARDAR MUHAMMAD AWAIS DRESHAK** I move that the Mukabbir University of Science & Technology, Gujrat Bill 2025, be passed.

## 5. THE ABWA UNIVERSITY, FAISALABAD BILL 2025 (BILL NO. 58 OF 2025)

**MS RAHILA KHADIM HUSSAIN** I move that the ABWA University, Faisalabad Bill 2025 as recommended by Standing Committee on Higher Education, be taken into consideration at once.

**MS RAHILA KHADIM HUSSAIN** I move that the ABWA University, Faisalabad Bill 2025, be passed.

## 6. THE MUSARRAT INSTITUTE OF TECHNOLOGY BILL 2025 (BILL NO. 65 OF 2025)

**RANA ABDUL MANNAN SAJID:** I move that the Musarrat Institute of Technology Bill 2025 as recommended by Standing Committee on Higher Education, be taken into consideration at once.

**RANA ABDUL MANNAN SAJID:** I move that the Musarrat Institute of Technology Bill 2025, be passed.

## 7. THE NEXT INSTITUTE OF SCIENCE AND TECHNOLOGY (AMENDMENT) BILL 2025 (BILL NO. 68 OF 2025)

**MS RAHILA KADIM HUSSAIN:** I move that the Next Institute of Science and Technology (Amendment) Bill 2025 as recommended by Standing Committee on Higher Education, be taken into consideration at once.

**MS RAHILA KADIM HUSSAIN:** I move that the Next Institute of Science and Technology (Amendment) Bill 2025, be passed.

## 8. THE TIMES INSTITUTE, MULTAN (AMENDMENT) BILL 2025 (BILL NO. 66 OF 2025)

**SYED ALI HAIDER GILANI (H.I):** I move that the Times Institute, Multan (Amendment) Bill 2025 as recommended by Standing Committee on Higher Education, be taken into consideration at once.

**SYED ALI HAIDER GILANI (H.I):** I move that the Times Institute, Multan (Amendment) Bill 2025, be passed.

## 3۔(مفاد عامہ سے متعلق قراردادیں)

### (مورخہ 20 مئی 2025 سے زیر التواء قراردادیں)

1. جناب احمد خان: (قرارداد پیش ہو چکی ہے)

اس ایوان کی رائے ہے کہ پنجاب سمیت ملک بھر میں کینسر کے مریضوں میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے۔ ہر آٹھ میں سے ایک خاتون بریسٹ کینسر کا شکار ہو رہی ہے۔ اس مرض کی بروقت تشخیص اور علاج نہ ہونے سے اموات کا سلسلہ بھی بڑھ رہا ہے۔ صوبہ پنجاب کی 13 کروڑ آبادی ہے جبکہ کینسر کے مریضوں کے لیے سرکاری سطح پر سہولیات نہ ہونے کے برابر ہیں۔ پنجاب کے سرکاری ہسپتالوں میں کینسر کے مریضوں کے لیے صرف 410 بیڈز موجود ہیں جبکہ علاج و معالجہ کے لیے جدید مشینری کی بھی شدید قلت ہے۔ لہذا اس ایوان کی رائے ہے کہ کینسر کے مریضوں کو سرکاری سطح پر علاج معالجہ کی جدید سہولیات فراہم کی جائیں تا کہ بروقت تشخیص کر کے مختلف اقسام کے کینسر کے کیسز میں اضافے اور اموات کی شرح میں کمی آسکے۔

2. جناب وقاص محمود مان: (قرارداد پیش ہو چکی ہے)

اس ایوان کی رائے ہے کہ 2024 کی گندم پالیسی پر حکومت نے عملدرآمد نہیں کیا تھا جس کی وجہ سے پنجاب کے کسان کو بہت نقصان ہوا تھا۔ 2025 میں حکومت نے جو گندم پالیسی متعارف کروائی ہے پنجاب کا کسان اس سے مطمئن نہیں ہے۔ یہ پالیسی مڈل مین، فلور ملز مالکان اور مافیا کو فائدہ پہنچائے گی۔ گندم پالیسی 2025 کسان کو یہ نہیں بتاتی کہ اگر وہ حکومت کے پاس اپنی گندم رکھوائے گا تو اس کو کس ریٹ پر قیمت ملے گی۔ مارکیٹ میں اس کو گندم کی جو قیمت مل رہی ہے اس سے کسان کی لاگت پوری نہیں ہوتی۔ حکومت اپنی گندم پالیسی گندم کی کٹائی کے بعد بناتی ہے۔ جبکہ یہ پالیسی گندم کی بوائی سے پہلے واضح ہونی چاہیے۔ حکومت پنجاب (Punjab Portal) کے مطابق پاکستان کی 80 فی صد گندم پنجاب پیدا کرتا ہے اور پنجاب کی آدھی آبادی زراعت سے منسلک ہے۔ پاکستان کی GDP میں اس سیکٹر کا سب سے بڑا حصہ ہے۔ پنجاب کے کسان اور زراعت کو بچانے کے لیے حکومت پنجاب کو فوری طور پر Cost of Production کو مد نظر رکھتے ہوئے گندم کی ایک مناسب قیمت مقرر کرنی چاہیے۔ یہ قیمت 4000 روپے فی من سے کم نہیں ہونی چاہیے اور پرائیویٹ سیکٹر کو پابند کیا جائے کہ وہ مقرر کردہ قیمت پر گندم خریدے اور کمپلینٹ سیل بھی بنایا جائے جس پر کسان اپنی شکایات درج کروا سکیں۔

3. جناب امجد علی جاوید: (قرارداد پیش ہو چکی ہے)

اس ایوان کی رائے ہے کہ ملک بھر میں تھیلیسیمیا کے ہزاروں مریض زندگی بھر کے لیے خون کی منتقلی اور مسلسل طبی دیکھ بھال کے محتاج ہوتے ہیں اس بیماری کا شکار ہونے والوں میں زیادہ تعداد بچوں کی ہے یہ ایک موروثی بیماری ہے جس کا علاج مہنگا اور طویل مدتی ہوتا ہے جو ہر ایک کے بس کی بات نہیں ہے جس کے لئے حکومتی سرپرستی نہایت ضروری ہے۔ ہیموفیلیا بھی ایک بیماری ہے جس میں مبتلا افراد کے لیے حکومت پنجاب کے محکمہ سوشل ویلفیئر کی جانب سے "ہمت کارڈ" جاری کیے جا رہے ہیں جس کے تحت ان مریضوں کو مالی معاونت، رعایتی ادویات اور دیگر طبی سہولیات میسر آتی ہیں۔ لہذا یہ ایوان حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ:

1- تھیلیسیمیا کے مریضوں کے لیے بھی "ہمت کارڈ" کے اجرا کا اعلان کیا جائے؛

2- ان کارڈز کے ذریعے مریضوں کو رعایتی یا مفت طبی علاج، خون کی فراہمی اور مالی مدد فراہم کی جائے۔

3- اس اقدام کے لیے فوری طور پر ایک قومی سطح کا ڈیٹا بیس تشکیل دیا جائے تا کہ مستحق مریضوں کی نشاندہی اور امداد کو یقینی بنایا جا سکے۔ یہ اقدام تھیلیسیمیا کے مریضوں کی زندگی میں آسانی پیدا کرے گا اور حکومت کی فلاحی پالیسیوں میں ایک اہم اضافہ ہو گا۔

4. محترمہ سنبل مالک حسین: (قرارداد پیش ہو چکی ہے)
یہ ایوان مطالبہ کرتا ہے کہ محکمہ محنت و انسانی وسائل بچوں کی مشقت جیسے اہم معاملے کو موثر انداز میں حل کرنے کے لیے درج ذیل اقدامات اٹھائے۔
1۔The Punjab Restriction on Employment of Children Act 2016 کے رولز بلاتعطل نوٹیفائی کیے جائیں۔
2۔ بچوں کی مشقت کے خاتمے کے لیے پنجاب سوشل پروٹیکشن اتھارٹی کے باہمی اشتراک سے جامع، قابل عمل اور پائیدار حکمت عملی متعارف کروائی جائے۔
3۔ گھریلو شعبوں میں بچوں کی مشقت کے لیے لائحہ عمل ترتیب دیا جائے تاکہ بچوں کو استحصال کی تمام تر اشکال سے بچایا جا سکے۔

## (موجودہ قراردادیں)

1. جناب نوید اسلم خان لودھی:
اس ایوان کی رائے ہے کہ ضلع ساہیوال کا مشہور و معروف قصبہ ہڑپہ جو چار قانونگوئیوں اور پانچ تھانہ جات پر مشتمل ہے جس میں کوئی تحصیل ہیڈ کوارٹر نہ ہے۔ یہ ایوان مطالبہ کرتا ہے کہ ہڑپہ شہر کو فی الفور تحصیل ہیڈ کوارٹر کا درجہ دیا جائے۔

2. محترمہ حمیدہ میاں:
اس ایوان کی رائے ہے کہ ضلع منڈی بہاءالدین کی آبادی 20 لاکھ سے تجاوز کر چکی ہے اور شرح خواندگی تقریباً 70 فی صد ہے، جو صوبہ پنجاب کے کئی اضلاع سے بہتر ہے۔ اس کے باوجود ضلع تاحال میڈیکل کالج جیسی اہم تعلیمی اور طبی سہولت سے محروم ہے۔
لہذا صوبائی اسمبلی پنجاب کا یہ ایوان صوبائی حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ ضلع منڈی بہاءالدین میں سرکاری میڈیکل کالج کے قیام کا اعلان کیا جائے، اور اس کے لئے عملی اقدامات شروع کیے جائیں۔

3. چودھری جاوید احمد:
یہ ایوان حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ پاک پتن کے تاریخی ورثہ کی حفاظت اور تزئین و آرائش کے لیے اسے محکمہ والڈ سٹی و آثار قدیمہ کے ساتھ محکمہ سیاحت کے ترقیاتی و تعمیراتی منصوبہ جات میں شامل فرمایا جائے۔

## GOVERNMENT BUSINESS

### (a) INTRODUCTION OF BILL

**A MINISTER** to introduce the Punjab Consumer Protection (Amendment) Bill 2025

### (b) GENERAL DISCUSSION

### (LEFT OVER FROM MAY 26, 2025)

**LAW AND ORDER**

**A MINISTER** to move for General Discussion on Law and Order.

## فوری اہمیت کے حامل معاملات

قواعد انضباط و کار صوبائی اسمبلی پنجاب 1997 کے قاعدہ 113۔اے کے تحت اراکین فوری اہمیت کے حامل معاملات اُٹھائیں گے۔

لاہور
مورخہ: 26 مئی 2025

چودھری عامر حبیب
سیکرٹری جنرل